10.04.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ……ضمیر رضوی

Music

☆ بھارت نے لبنان میں عام شہریوں کی ہلاکتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ملکوں کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سا لمیت کے احترام پر زور دیا ہے۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ اُس نے مغربی ایشیا کے بحران کے باوجود بجلی کی زیادہ سے زیادہ مانگ اور توانائی کی ضروریات کو کامیابی سے پورا کیا ہے۔

☆ اترپردیش میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی SIR کے مکمل ہونے کے بعد ووٹروں کی تعداد میں 84 لاکھ سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ دلّی پولیس کی خصوصی سیل نے پاکستان کی خفیہ ایجنسی ISI اور بَبّر خالصہ انٹرنیشنل کے حمایت یافتہ دہشت گردی، اسلحہ اور جاسوسی کے ایک ماڈیول کا پردہ فاش کیا ہے۔

☆ بھارت نے Ulaanbaatar میں 2026ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ میں سونے کے 5 تمغوں سمیت کُل 16 تمغ جیتے۔

☆ اور… بھارت کے آیوش شیٹی، چین کے Ningbo میں جاری بیڈمنٹن ایشیا چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے……

Govt West Asia Brief

بھارت نے مغربی ایشیا میں دو ہفتے کی جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے مسلسل حملوں کے سبب لبنان میں متعدد شہریوں کی ہلاکتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بھارت نے زور دے کر کہا ہے کہ عام شہریوں کا تحفظ اس کی اوّلین ترجیح رہی ہے۔ نئی دلّی میں مغربی ایشیا کی حالیہ صورتحال پر بین وزارتی بریفنگ کے دوران وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے خطے میں امن واستحکام کے تئیں بھارت کے دیرینہ عہد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال کافی پریشان کن ہے۔ انھوں نے کہا کہ لبنان میں تقریباً ایک ہزار بھارتی شہری رہ رہے ہیں۔ جناب جیسوال نے یقین دہانی کرائی کہ لبنان میں بھارتی سفارتخانہ تحفظ اور سلامتی کیلئے بھارتی برادری کے

قریبی رابطے میں ہے

S/B Randhir Jaiswal

اس دوران بجلی کی وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری پیوش سنگھ نے کہا کہ مغربی ایشیا کے بحران کے باوجود بھارت نے توانائی کی زیادہ ضرورتوں کو پورا کیا ہے اور حرارتی بجلی کے تمام پلانٹس پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور کوئلے کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے بتایا کہ **LPG** اور ایندھن کی فراہمی مستحکم ہے اور پیٹرول اور ڈیزل کی کوئی قلت نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے مہینے سے ایک لاکھ چھ ہزار سے زیادہ کمرشل **LPG** سلنڈروں کی فراہمی ہوچکی ہے اور ایک لاکھ سے زیادہ پانچ کلو گرام کے سلنڈر یومیہ بنیاد پر فروخت کئے جارہے ہیں۔محترمہ شرما نے کہا کہ **LPG** سے **PNG** کی جانب منتقلی کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔

S/B Sujata on Sale

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری مکیش منگل نے بتایا کہ خطے میں موجود تمام بھارتی ملاح محفوظ ہیں اور گذشتہ **24** گھنٹے میں کسی بھارتی پرچم بردار جہاز کے ساتھ کوئی واقعہ نہیں ہوا ہے۔**x**

West Asia Crisis

اسرائیلی افواج اور حزب اللہ نے لبنان کی سرحد پر آج ایک دوسرے پر حملے کئے۔ ان حملوں سے جنگ بندی کو مستحکم کرنے کے مقصد سے ہونے والے امریکہ–ایران مذاکرات سے پہلے کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ حزب اللہ نے کہا ہے کہ اُس نے دو ہفتوں کی جنگ بندی کے باوجود لبنان میں جاری اسرائیلی حملوں کے جواب میں اسرائیلی سرحد پر واقع کریات شمونا اور **Avivim** علاقوں کو نشانہ بنایا ہے۔ ایران نے کہا ہے کہ جنگ بندی کا اطلاق لبنان پر بھی ہوتا ہے جبکہ اسرائیل اور امریکہ کہتے رہے ہیں کہ امریکہ–ایران سمجھوتے میں لبنان شامل نہیں ہے۔ آبنائے ہرمز بند ہے جس سے عالمی جہاز رانی اور تیل کی آمد ورفت متاثر ہو رہی ہے۔

برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اسٹارمر نے کہا ہے کہ انھوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ فون کال کے دوران آبنائے ہرمز کے ذریعے کشتیوں کی آمد ورفت کیلئے فوجی صلاحیتوں اور لاجسٹکس پر تبادلہ خیال کیا۔ جنگ کی شروعات کے بعد سے پہلی بار کل پاکستان میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات ہونے والے ہیں۔

امریکی نائب صدر **JD Vance** بات چیت کیلئے پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ امریکہ تعمیری مذاکرات کیلئے تیار ہے بشرطیکہ ایران نیک نیتی کا مظاہرہ کرے۔ جناب **Vance** نے مذاکرات میں کسی بدنیتی کا مظاہرہ کرنے پر خبردار بھی کیا۔**x**

UP SIR Final List

اترپردیش میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی **SIR** کے مکمل ہونے کے بعد ووٹروں کی تعداد **84**

لاکھ سے زیادہ بڑھ کر 13 کروڑ 39لاکھ ہوگئی ہے۔ چناؤ کمیشن نے آج حتمی ووٹر فہرست جاری کردی ہے۔ شہری، اب سرکاری پورٹل voters.eci.gov.in کے ذریعے آن لائن اپنے نام کی تصدیق کرسکتے ہیں۔ لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اترپردیش کے اعلیٰ انتخابی افسر نودیپ Rinva نے بتایا کہ اِس سال 9 جنوری کو جاری کردہ ووٹر فہرست کے مسودے میں کُل 12 کروڑ 55لاکھ 56ہزار 25ووٹر تھے، جبکہ آج جاری ہونے والی حتمی فہرست کے مطابق ووٹروں کی کُل تعداد 13 کروڑ 39لاکھ 84ہزار 792ہوگئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ....

VC Shushil Chandara Tiwari

اٹھارہ سے اُنیس سال کی عمر کے رائے دہندگان کی تعداد بڑھ کر 17لاکھ 63ہزار 360ہوگئی ہے، جو کُل ووٹروں کا ایک اعشاریہ تین–دو فیصد ہے۔ خاتون اور مرد ووٹروں کے تناسب میں بھی بہتری آئی ہے اور اب ہر ایک ہزار مرد ووٹرس پر 834خاتون ووٹرس ہیں۔ ووٹر فہرستوں کے مسودے اور حتمی فہرست کا موازنہ کرتے ہوئے ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر نودیپ Rinva نے بتایا کہ ووٹروں کی تعداد میں 84لاکھ 28ہزار 767 کا کُل اضافہ ہوا ہے۔ ریاست کے ضلعوں میں پریاگ راج میں سب سے زیادہ تین لاکھ 29ہزار 421ووٹروں کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے بعد لکھنؤ میں دو لاکھ 85ہزار 961رائے دہندگان کا اضافہ ہوا ہے۔ اسمبلی حلقوں میں غازی آباد کے صاحب آباد حلقے میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، جہاں حتمی فہرست میں 82ہزار سے زیادہ ووٹرس بڑھ گئے ہیں۔

لکھنؤ سے ششیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

ECI Final Poll Data

آسام، کیرالم اور پڈوچیری اسمبلی انتخابات کے تحت کل ہوئی رائے دہی کے دوران ووٹروں نے بڑی تعداد میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ انتخابی کمیشن کے اعداد وشمار کے مطابق آسام میں تقریباً 86فیصد، کرالم میں 78فیصد اور پڈوچیری میں تقریباً 90فیصد رائے دہی کا اندراج ہوا۔

آسام اور پڈوچیری میں اب تک کی سب سے زیادہ پولنگ درج کی گئی۔ انتخابی کمیشن کے مطابق آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں اِس مرتبہ خواتین پولنگ کا سب سے زیادہ تناسب درج کیا گیا۔ آسام میں اِس مرتبہ خواتین رائے دہی کا تناسب تقریباً 86فیصد، کیرالم میں 81فیصد اور پڈوچیری میں 91فیصد رہا۔

اس دوران انتخابی کمیشن نے آسام کے سری بھومی ضلع کے ایک پولنگ مرکز پر دوبارہ پولنگ کرانے کا اعلان کیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے کریم گنج شمال اسمبلی حلقے کے Babyland انگلش ہائی اسکول پولنگ مرکز پر ریاستی قانون ساز اسمبلی کیلئے کل ہوئی رائے دہی کو کالعدم قرار دیا۔ ری پولنگ کل ہوگی۔x

Mathura Accident

اترپردیش کے متھرا ضلع میں آج یمنا ندی میں ایک کشتی کے ڈوب جانے کے واقعے میں 10افراد ہلاک

ہوگئے۔ یہ واقعہ آج سہ پہر 2بج کر 45منٹ کے قریب، اُس وقت پیش آیا، جب لدھیانہ سے یاتریوں کو لے جارہی ایک کشتی یمنا ندی میں غرقآب ہوگئی۔ اب تک 10لوگوں کی لاشیں بر آمد کرلی گئی ہیں۔ بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ متھرا کے ضلع مجسٹریٹ سی پی سنگھ نے کہا ہے کہ لدھیانہ سے تعلق رکھنے والے تقریباً 30 سے 32لوگ دو کشتیوں میں سوار تھے۔ یہ حادثہ K.C. گھاٹ کے نزدیک پیش آیا، جب دو میں ایک کشتی ڈوب گئی۔ انہوں نے بتایا کہ فوج کو طلب کیا گیا ہے۔ NDRF اور SDRF کی ٹیمیں بھی جائے موقع پر پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بچاؤ کے کام میں 60سے زیادہ غوطہ خور مصروف ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے متھرا میں کشتی کے المناک حادثے پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رادھا کرشنن نے غمزدہ کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ x

ADB India Growth

ایشیائی ترقیاتی بینک ADB نے رواں مالی برس 2026-27 کیلئے بھارت کی شرح ترقی کے تخمینے کو چھ اعشاریہ پانچ فیصد سے بڑھا کر چھ اعشاریہ 9فیصد کر دیا ہے۔ ADB کی ایشیائی ترقیاتی منظرنامے کی ایک رپورٹ کے مطابق موجودہ مالی سال میں بھارت کی معیشت کے مضبوط رہنے کا امکان ہے۔ اِس کی وجہ مضبوط گھریلو مانگ، بہتر مالیاتی حالات اور بھارتی اشیاء پر امریکہ کی کم درآمدی محصولات ہیں۔ x

Russia Ukraine Ceasfire

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے آرتھوڈرکس ایسٹر کے موقع پر یوکرین کے ساتھ جنگ بندی کا اعلان کیا ہے۔ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے بھی کیف کی جانب سے اس جنگ بندی کی پاسداری پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ روسی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ جنگ بندی کل اور اتوار کے روز نافذ العمل رہے گی۔ روسی فوجیوں سے کہا گیا ہے کہ وہ تمام سمتوں پر جنگ بندی پر عمل کریں۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین نے ایسٹر کی تعطیلات کے موقع پر جنگ بندی کی تجویز پیش کی تھی اور وہ اِس کے مطابق عمل کرے گا۔

Delhi Police ISI Module

دلّی پولیس کی خصوصی سیل نے پاکستان کی خفیہ ایجنسی ISI اور بَبّر خالصہ انٹرنیشنل کے حمایت یافتہ دہشت گردی اسلحہ اور جاسوسی کے ماڈیول کا پردہ فاش کیا ہے۔ ایڈیشنل کمشنر آف پولیس، اسپیشل سیل کے پرمود سنگھ کشواہا نے بتایا کہ پنجاب اور دلّی سے 11ملزموں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملزمان، خفیہ Apps کے ذریعے پاکستان میں موجود ISI کے کارندوں کے رابطے میں تھے۔ اُنہیں جاسوسی اور ملک دُشمن سرگرمیوں کیلئے ہدایات دی جا رہی تھیں، جو قومی سلامتی کیلئے خطرہ تھیں۔ انہوں نے کہا کہ حساس سکیورٹی مقامات کے قریب نصب 9سولر پاور CCTV کیمرے بھی برآمد کیے گئے ہیں۔x

Hardeeopuri Qatar

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج کہا کہ قطر نے بھارت کیلئے توانائی فراہم کرنے والے قابل اعتماد ملک کے طور پر بنے رہنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انھوں نے یہ بات دوحہ میں قطر کے توانائی کے وزیر اور قطر Energy کے صدر اور سی ای او Saad Sherida Al-Kaabi سے بات چیت کے بعد کہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پوری نے کہا کہ میٹنگ کے دوران دونوں فریقوں نے دونوں ممالک کے اسٹریٹیجک تعلقات کے تمام پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔x

Jaishankar Mauritius

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج پورٹ لوئس میں انڈین اوشین کانفرنس کے موقع پر سلسلے وار دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔ انھوں نے Dharambeer Gokhool اور سابق وزیر اعظم Pravind کمار Jugnauth سے ملاقات کی اور بھارت–ماریشس کے مضبوط تعلقات کو اجاگر کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے Seychelles کے وزیر خارجہ Barry Faure کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ اس دوران انھوں نے اقتصادی استحکام اور بھارت Seychelles خصوصی اقتصادی پیکیج کے نفاذ میں بھارت کی حمایت کا یقین دلایا۔ اس کے علاوہ انھوں نے بھوٹان کے وزیر خارجہ DN Dhungyel سے بھی ملاقات کی۔ اس دوران ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت–بھوٹان تعلقات میں لگاتار پیش رفت کا بھی ذکر کیا۔x

CDS Ran Samvad

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے آج ملک کی مسلح افواج کو ایک مربوط چست اور تکنیکی طور پر بہتر جنگی آلات تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بنگلورو میں رن سمواد سیمینار میں اختتامی تقریب میں انھوں نے یہ بات کہی۔ فوج کی ہمہ جہت کارروائیاں اب کوئی تصوراتی چیز نہیں ہیں بلکہ ایک ابھرتی ہوئی عملی حقیقت ہے۔ جنرل چوہان نے کہا کہ جدید جنگ تیزی سے روایتی حدود اور ٹائم لائن کو عبور کر رہی ہے۔ انھوں نے دفاعی شعبے میں میک ان انڈیا پہل کی تعریف کی اور گھریلو طور پر ہتھیار تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔x

Asian Boxing C'ship

منگولیا کے اولانبتار میں ایشین باکسنگ چمپئن شپ 2026 میں 5 سونے، 3 چاندی اور 8 کانسے سمیت بھارت نے کُل 16 تمغے جیتنے کے بعد بھارت نے اپنی مہم شاندار انداز میں ختم کردی ہے۔ مردوں کے 50 کلو گرام زمرے میں وشوناتھ سریش نے آج سونے کا تمغہ جیتا۔ انھوں نے فائنل میں جاپان کے ڈائچی ایوائی کو پانچ صفر سے ہراکر باکسنگ میں ملک کا پہلا ٹائٹل اپنے نام کیا۔x

Badminton Asia

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی آیوش شیٹی نے حیرت انگیز کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آج چین کے Ningbo میں مردوں کے سنگلز بیڈمنٹن ایشیاء چمپئن شپ میں انڈونیشیا کے عالمی نمبر 4 جوناتھن کرسٹی کو ہرا دیا۔ شیٹی نے کرسٹی کو کوارٹر فائنل میں تیئس–اکیس اور اکیس–سترہ سے ہرایا۔ اب وہ سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اس سے پہلے انھوں نے 20ویں درجے کی چائنیز تائی پے کے چی یو جین کو 16ویں راؤنڈ میں سیدھے سیٹوں میں اکیس–سولہ اور اکیس–بارہ سے ہرایا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆